16/08/2012

پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات 'کیمپس)
محکمہ اطلاعات وزابطہ عامہ اترپردیش

ریاست کو ترقی کی راہ پر تیزی سے گامزن کرنے کے لئے ریاستی حکومت نے ہر سطح پر بڑے فیصلے کئے: وزیر اعلیٰ

ریاستی حکومت سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول بنانے کی خاطر سنجیدگی سے کوشاں

وزیر اعلیٰ نے یوم آزادی پر ودھان بھون میں پرچم کشائی کی

لکھنؤ ۱۶/اگست ۲۰۱۲

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ جناب اکھلیش یادو نے ملک کی آزادی کی ۶۵ ویں سالگرہ کے موقع پر ریاست کے باشندوں کو نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ موقع مجاہدین آزادی اور عظیم قومی رہنماؤں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس موقع پر ہم سبھی کو سوچنا چاہئے کہ جن مقاصد کے حصول کے لئے ہم نے آزادی حاصل کی تھی، انہیں پانے کی سمت ہم نے کتنی پیش رفت کی ہے۔

وزیر اعلیٰ کل یہاں ودھان بھون میں پرچم کشائی کے بعد موجود افراد کو خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کو سلام کرتے ہوئے کہا کہ گاندھی جی نے عدم تشدد اور سچائی کے راستے پر چل کر ملک کے باشندوں کی قیادت کر کے آزادی کا بگل بجایا، جس کے نتیجے میں ہندوستان غیر ملکی حکومت سے نجات حاصل کر سکا۔ انہوں نے کہا کہ جنگ آزادی میں ریاست نے ملک کی قیادت کی تھی۔ اس لئے ریاست کے عوام کی خاطر یہ خصوصی اہمیت کا موقع ہے۔ سن ۱۸۵۷ء آزادی کی پہلی جنگ اترپردیش سے شروع ہوئی تھی جس میں بے شمار محبّ وطن نے زبردست صعوبتیں برداشت کیں اور اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔

جناب یادو نے کہا کہ آزادی کے بعد ملک نے مختلف شعبوں میں شاندار کامیابیاں حاصل کیں ہیں اور پوری دنیا میں متعدد ہندوستانیوں نے ملک کا نام روشن کیا ہے لیکن آج بھی تمام ایسے اہداف ہیں جنہیں حاصل نہیں کیا جا سکا ہے۔ اترپردیش جو کبھی ترقی کی دوڑ میں سب سے آگے رہا کرتا تھا اور انسانی وسائل کے نظریہ سے ملک کی سب بڑی ریاست ہے۔ اس کے باوجود گذشتہ چار پانچ برسوں سے اترپردیش ترقی کی دوڑ میں کافی پیچھے چھوٹ گیا ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ خوف اور غیر یقینی کے ماحول کو ختم کر کے ریاست میں جمہوریت بحال کرنے اور اقتصادی سرگرمیوں کو پٹری پر لانے کے لئے مسلسل کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول تیار کرنے کی خاطر سنجیدگی سے کوشاں ہے۔ انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ جن امیدوں کے ساتھ انہوں نے ان کی پارٹی کو اقتدار میں جگہ دی اس پر کھرا اترنے کے لئے سرکار کوئی کسر باقی نہیں چھوڑے گی۔

جناب یادو نے کہا کہ فی الوقت ریاست کی مجموعی گھریلو پیداوار شرح ۲ء۶ فیصد ہے، جسے ۱۲ ویں پنج سالہ

منصوبے میں ۱۰ فیصد تک لے جانے کا نشانہ ہے۔ ریاستی حکومت نے مالیاتی سال ۱۳-۲۰۱۲ کے لئے دو لاکھ ۱۱۰ کروڑ ۶۱ لاکھ روپئے کا بجٹ منظور کرایا جو ابھی تک سب سے بڑے حجم کا بجٹ ہے۔ یہ رقم سابقہ بجٹ سے ۱۸ فیصد زیادہ ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زراعت پر مبنی معیشت ہونے کی وجہ سے زرعی شعبے کی ترقی ریاست کی ترجیحات میں شامل ہے۔ زرعی شعبے کے لئے بجٹ میں پانچ ہزار ۴۳۲ کروڑ روپئے کا بندوبست کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کے اقتصادی وسائل محدود ہیں اس لئے حکومت نے بنیادی سہولیات کے فروغ کے لئے پرائیوٹ سیکٹر سے مدد لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت کئی پروجیکٹوں کا کام پی. پی. پی. ماڈل پر شروع کرا چکی ہے۔ اس کے ساتھ ہی تمام ضلع صدر مقامات کو ۴ لین کی سڑکوں سے جوڑنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔

جناب یادو نے کہا کہ ریاستی حکومت کی ترقی میں بجلی کی اہمیت کو اچھی طرح سمجھتی ہے۔ لہذا ان کی حکومت بجلی کے شعبے میں اصلاح کے لئے ابتداء سے سنجیدہ ہے۔ بجلی پیدوار میں نجی شعبے کا بھی تعاون حاصل کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سماج وادی سرکار طالبات کی تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ ۱۲ ویں پاس طالبات کے لئے کنیا ودھیا دھن اسکیم چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ حکومت ۱۰ ویں پاس طلباء۔ طالبات کو ٹیب لیٹ کمپیوٹر اور ۱۲ ویں پاس طالب علموں کو لیپ ٹاپ مفت تقسیم کرنے کا کام جلد ہی شروع کرنے والی ہے۔ اسی طرح بے روزگار نوجوانوں کو بے روزگاری بھتہ دیئے جانے کی خاطر ۱۰۰ کروڑ روپئے منظور کئے گئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت نے علاج وصحت کے شعبے میں معیاری اصلاح کے لئے وافر رقم کا بندوبست کیا ہے۔ مرکزی حکومت کو رائے بریلی میں ایمس کے قیام کی خاطر معقول آراضی مہیا کرائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اتر پردیش کی ضروریات اور آبادی کے مدنظر مرکزی حکومت سے پوروانچل، بندیل کھنڈ اور روہیل کھنڈ علاقوں میں بھی ایمس کھولنے کی درخواست کی ہے۔

جناب یادو نے کہا کہ دیہی علاقوں کی ترقی ریاستی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس کے لئے ریونیو مواضعات کی ہمہ گیر ترقی کے لئے ڈاکٹر رام منوہر لوہیا ہمہ گیر گاؤں ترقیاتی اسکیم اور لوہیا دیہی رہائشی اسکیم شروع کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ جنیشور مشر گاؤں اسکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اقلیتی برادری کی بہبود کے لئے بجٹ میں ۲ ہزار ۴۷ کروڑ روپئے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ ریاست کے بنکروں کو راحت دینے کے لئے ان کے پاور لوم کی بجلی کے بقایا بلوں کی یک مشت ادائیگی کی خاطر حکومت نے ۱۲۷ کروڑ روپئے کا بندوبست کیا ہے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پسماندہ طبقے کی ہمہ جہت ترقی کے لئے جاری مختلف اسکیموں کے تحت اس سال تقریباً ایک ہزار ۶۲۰ کروڑ روپئے کا بندوبست کیا ہے، جو گذشتہ سال سے ۴۰ فیصد زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی ترقی کے لئے ضروری ہے کہ امن وامان کا ماحول اور مستحکم نظم ونسق نافذ رہے۔ اس کے لئے ریاستی پولیس فورس کو جدید بنانا ضروری ہے، جس کے لئے حکومت نے اس سال وافر رقم کا بندوبست کیا ہے۔

.....